(۲)

نام کتاب : احکامِ دعا اور زادِ مسلم
مصنف : فضیلۃ الشیخ عبداللہ الخضری' فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جار اللہ
ترجمہ و تفہیم : پروفیسر محمد یوسف ضیاء
نظر ثانی : فضیلۃ الشیخ ابوعبدالرحمٰن شبیر بن نور
ضخامت : 312 صفحات ۔ قیمت: 160 روپے
ملنے کا پتہ: مکتبہ نور اسلام' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار لاہور

اپنے خالق و مالک کے سامنے دعا کے لیے ہاتھ اٹھانا نہایت اچھا عمل ہے۔ یہ عمل اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے جن الفاظ میں دعائیں مانگیں وہ کتبِ احادیث میں درج ہیں۔ ان کی تعداد سینکڑوں سے متجاوز ہے۔ فرمانِ نبویؐ کی رو سے دعا عبادت کا مغز ہے' بلکہ دعا ہی عبادت ہے۔ نماز خود دعاؤں کا مجموعہ ہے۔ مسجد میں داخل ہوتے وقت دعا ہے' مسجد سے نکلتے وقت دعا ہے' سحری کے وقت دعا ہے' افطاری کے وقت دعا ہے' بازار میں جاتے وقت دعا ہے۔ الغرض دعا ایسا پسندیدہ عمل ہے کہ شب و روز کے تمام اوقات کے لیے ہمیں دعائیں سکھائی گئی ہیں۔

زیرِ نظر کتاب کے دو حصے ہیں۔ دراصل یہ دو کتابوں "**الدُّعاء**" اور "**زاد المُسلم الیومی**" کا مجموعہ ہے۔ اول الذکر فضیلۃ الشیخ عبداللہ الخضری کی ہے جبکہ دوسری فضیلۃ الشیخ عبداللہ بن جار اللہ بن ابراہیم کی تالیف ہے۔ پروفیسر محمد یوسف ضیاء نے ان دونوں کا بڑا خوبصورت ترجمہ کیا ہے اور دونوں کتابوں کو یکجا کر دیا ہے۔ پہلا حصہ جو احکامِ دعا پر مشتمل ہے' اس کے گیارہ ابواب ہیں' ہر باب میں دعا کے مختلف آداب کا ذکر ہے۔ چند ابواب کے عنوانات اس طرح ہیں: دعا کی شرائط' فضیلت کے اوقات' دعا میں ناپسندیدہ کام' دعا کے مسائل' حقیقتِ وسیلہ اور دعا کی بدعات۔

دوسرا حصہ مسنون دعاؤں کا مجموعہ ہے جس میں شب و روز کے مختلف اوقات کے لیے مخصوص دعائیں درج ہیں۔ درود شریف کی فضیلت اور مسنون الفاظ تحریر کیے گئے ہیں۔ نماز جنازہ کے احکام اور دعاؤں کے علاوہ استغفار اور استعاذہ کی دعائیں بھی درج کی گئی ہیں۔

کتاب بہت مفید اور لائق مطالعہ ہے۔ دعا کے ضمن میں کئی رائج الوقت بدعات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ تمام احادیث اور اوراد و وظائف کے حوالہ جات درج کیے گئے ہیں۔ کتاب کی کمپوزنگ معیاری' کاغذ سفید اور ٹائٹل خوبصورت اور دلکش ہے۔

❁ ❁ ❁